OFFICE OF ADMINISTRATIVE TRIALS AND HEARINGS
Help Center

OATH پر اپیل دائر کرنا

سوال: اپیل سے کیا مراد ہے؟
جواب: جب کوئی فریق OATH سماعت میں شرکت کرتا ہے اور سماعت کے افسر کے فیصلے سے مطمئن **نہیں** ہوتا تو غیر مطمئن فریق کو OATH کے اپیلز یونٹ میں اپیل دائر کر کے اس معاملے پر دوبارہ غور کی درخواست کرنے کا حق حاصل ہوتا ہے۔ مناسب طریقے سے فائل کردہ اپیلیں OATH اپیلز یونٹ کو بھیجی جاتی ہیں جو تعین کرتا ہے کہ آیا سماعت کے افسر کے فیصلے میں شامل تلاش کردہ حقائق اور قانون کو ریکارڈ میں شامل ثبوت کے مطابق ہیں اور آیا نافذ کردہ جرمانے قانون کے مطابق ہیں۔

- اپیلز یونٹ ایسے کسی ثبوت پر غور **نہیں** کرے گا جو سماعت کے افسر کو پیش نہ کیا گیا ہو، ماسوائے ایسے سرکاری رکارڈز کے جو کہ غور کیے جانے پر فیصلے کا نتیجہ تبدیل کر دیں، اور ایسا صرف اس صورت میں ہو گا کہ جب ثبوت پیش کرنے والا فریق اسے سماعت میں پیش نہ کرنے کا مناسب جواز فراہم کرے۔

سوال: کب اپیل دائر کی جا سکتی ہے؟
جواب: اگر آپ فیصلے پر اپیل دائر کرنا چاہتے ہیں تو *اگر وہ فیصلہ آپ کو روبرو دیا گیا تھا* تو فیصلے کی تاریخ سے 30 دن کے اندر اندر یا *اگر آپ نے ڈاک میں تحریری فیصلہ وصول کیا تھا* تو فیصلے کی تاریخ سے 35 دن کے اندر اندر یہ کام کرنا ہو گا۔

- اپیل دائر کرنے کی آخری تاریخ میں توسیع کی درخواست کرنا ممکن ہے۔ اس متعلق مزید معلومات کے لئے براہ مہربانی OATH ہیلپ سنٹر کے نمائندے سے بات کریں۔

سوال: میں اپیل کہاں بھیجوں؟
جواب: اپیل بھیجنے کے دو طریقے ہیں: **1)** آپ OATH اپیلز یونٹ کو 66 John St., 10th Floor, New York, NY 10038 پر بذریعہ ڈاک ارسال کر سکتے ہیں (اگر آپ بذریعہ ڈاک بھیجیں گے تو **ضروری** ہو گا کہ اپیل کی نقل کے ساتھ آپ کے شامل کردہ ثبوت کی نقول بھی طلبی جاری کرنے والی ایجنسی کو بھیجی جائیں)؛ **یا 2)** آپ OATH کا "ون کلک اپیلز فارم" استعمال کرتے ہوئے آن لائن اپیل دائر کر سکتے ہیں:
https://www1.nyc.gov/site/oath/hearings/one-click-appeals-form.page.

سوال: کیا کوئی ایسا مخصوص فارم ہے جسے اپیل دائر کرنے کے لئے بھرنا ضروری ہے؟
جواب: ایسا کوئی اپیل فارم نہیں ہے جسے استعمال کرنا *درکار* ہو لیکن OATH کا ایک اپیل فارم ہے جسے آپ استعمال کرنے کا *انتخاب* کر سکتے ہیں، اگر آپ کے خیال میں یہ آپ کے لئے مددگار ہو۔ آپ OATH ہیلپ سنٹر کے نمائندے یا OATH کے کلرک کے دفتر سے یہ فارم حاصل کر سکتے ہیں۔

سوال: اگر میں اپیل دائر کر رہا/رہی ہوں تو کیا مجھے سماعت کے بعد تفویض کردہ جرمانہ ادا کرنے کی ضرورت ہے؟
جواب: جی ہاں۔ اکثر حالات میں ضروری ہوتا ہے کہ آپ اپنی اپیل کے ساتھ جرمانے، سزا یا بحالی کی ادائیگی کا ثبوت فراہم کریں۔ چند حالات میں اگر آپ ظاہر کر سکیں کہ اپیل سے پہلے جرمانہ ادا کرنا آپ کے لئے "مالی مشکل" کا باعث ہو گا اور اس کی وجہ سے آپ اپیل دائر نہیں کر سکیں گے تو آپ ادائیگی کی چھوٹ کے اہل ہو سکتے ہیں۔ قبل از اپیل جرمانے کی ادائیگی کے لئے "مالی مشکل" کی چھوٹ حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ آپ اپنی مالی حالت کا ثبوت فراہم کریں جو عام طور پر ٹیکس ریٹرن، آڈٹ، عوامی مدد کی رسید وغیرہ ہو گی، اور وضاحت کریں کہ ابھی جرمانہ ادا کرنا کس طرح آپ کے لئے مالی مشکل کا باعث ہو گا۔ مالی مشکل کی چھوٹ کی درخواست اپیل سے پہلے یا اس کے ساتھ دائر کی جا سکتی ہے۔

- اگر ٹیکسی اور لموزین کمیشن کے نافذ کردہ کسی قانون یا ضابطے کی خلاف ورزی کی صورت میں طلبی جاری کی گئی تھی یا اگر سماعت کے فیصلے سے ظاہر ہو کہ آپ کے پاس مالی جرمانہ ادا کرنے کے بجائے کمیونٹی سروس مکمل کرنے کا اختیار موجود تھا تو اپیل سے پہلے جرمانے کی ادائیگی ضروری **نہیں**۔

سوال: کیا مجھے اپیل دائر کرنے میں مدد مل سکتی ہے؟
جواب: جی ہاں۔ اپیل دائر کرنے میں مدد کے لئے براہ مہربانی بذات خود کسی بھی OATH مقام پر OATH ہیلپ سنٹر سے پیر تا جمعہ، صبح 8:00 تا شام 5:00 بجے، 436-0845 (212) پر بذریعہ ٹیلیفون، یا manhelpcenter@oath.nyc.gov پر بذریعہ ای میل رابطہ کریں۔

سوال: کیا مجھے اپیل کے ساتھ استعمال کرنے کے لئے اپنی سماعت کی آڈیو ریکارڈنگ مل سکتی ہے؟
جواب: جی ہاں۔ براہ مہربانی اپنی سماعت کی آڈیو ریکارڈنگ حاصل کرنے میں مدد کے لئے OATH ہیلپ سنٹر سے رابطہ کریں۔

مزید معاونت کے لئے براہ مہربانی بذات خود کسی بھی OATH مقام پر OATH ہیلپ سنٹر سے پیر تا جمعہ،
صبح 8 تا شام 5 بجے، 436-0845 (212) پر بذریعہ ٹیلیفون، یا Manhelpcenter@oath.nyc.gov پر بذریعہ ای میل رابطہ کریں۔